بقیہ 1

نظریاتی جماعت ہے جو اصولوں کی سیاست پر یقین رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کارکنان کو چاہیے کہ آئندہ انتخابات کی بھرپور تیاری کریں اور عوامی رابطہ مہم تیز کریں تاکہ انتخابی میدان میں کامیابی حاصل کی جا سکے۔ مقررین نے مزید کہا کہ پارٹی قیادت کی ہدایت پر ہر سطح پر تنظیم کو مضبوط بنایا جائے گا اور گراس روٹ لیول تک عوامی خدمت کے جذبے کو فروغ دیا جائے گا۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حلقہ پانچ کے عوام کی بھرپور نمائندگی کی جائے گی اور علاقے کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔ اجلاس کے شرکاء نے پارٹی کے لیے اپنی خدمات جاری رکھنے کا اعلان کیا۔

بقیہ 2

مقبوضہ کشمیر میں 5 اراکین اسمبلی کو نامزد کرنے کا مودی حکومت کا فیصلہ جمہوری اصولوں کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت بھر میں کہیں اور مودی حکومت عوام کی خواہشات کے برخلاف اراکین اسمبلی کو خود سے بالکل بھی منتخب نہیں کر سکتی ہے، تاہم واحد مسلم اکثریتی علاقے جموں و کشمیر میں مودی حکومت کی آمریت واضح ہو گئی ہے۔ محبوبہ مفتی نے کہا کہ ریاست جموں و کشمیر کی غیر قانونی تقسیم، متعصبانہ حلقہ بندیاں اور امتیازی سیٹ ریزرویشن کے بعد ان نامزدگیاں سے مقبوضہ علاقے میں جمہوریت کے تصور پر ایک اور بڑا حملہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ نمائندگی عوام کے ووٹ سے حاصل ہونی چاہیے نہ کہ مرکزی حکومت کے حکم سے۔ واضح رہے کہ بھارتی وزارت داخلہ نے جموں و کشمیر ہائی کورٹ کو آگاہ کیا ہے کہ قابض لیفٹیننٹ گورنر جموں و کشمیر کی منتخب حکومت کے مشورے کے بغیر بھی جموں و کشمیر اسمبلی میں 5 اراکین کو نامزد کر سکتے ہیں۔

بقیہ 3

کیا۔ دہلی ہائی کورٹ نے یاسین ملک کی عدالت میں عدم موجودگی کو نوٹ کیا اور سزائے موت دینے کی درخواست پر ان سے چار ہفتوں میں جواب طلب کر لیا۔ یاد رہے یاسین ملک اپنے خلاف مقدمات میں خود عدالت میں پیش ہونے کے حق میں بھوک ہڑتال بھی کر چکے ہیں۔ جسٹس وویک چودھری اور جسٹس شیلندر کور پر مشتمل ڈویژن بنچ نے یاسین ملک کو چار ہفتوں میں اپنا جواب داخل کرنے کا حکم دیا اور سماعت کی اگلی تاریخ 10 نومبر مقرر کی۔ این آئی اے کے وکیل ایڈووکیٹ اکشائی ملک نے 9 اگست 2024 کے ایک سابقہ عدالتی حکم کا حوالہ دیا جس کے تحت یاسین ملک نے اپنی نمائندگی خود کرنے اور عدالت میں ویڈیو لنک کے ذریعے پیش ہونے کی حامی بھری تھی۔ بنچ نے کہا کہ یاسین ملک آج پیش نہیں ہوئے اور جیل حکام کو ہدایت کی کہ وہ اگلی سماعت پر ان کی ورچوئل موجودگی کو یقینی بنائیں۔ یاسین ملک اس وقت سے 2022 میں ایک ٹرائل کورٹ کی طرف سے سنائی گئی عمر قید کی سزا کاٹ رہے

